EUROPEAN UNION

Sindh Union Council and Community Economic Strengthening Support Programme

SUCCESS

SUCCESS is funded by the European Union

THARDEEP RURAL DEVELOPMENT PROGRAMME

TRDP



**LSO کیا ہے؟**

ایل ایس او یا مقامی معاون تنظیم کو رورل سپورٹ پروگرامز RSPs کے سماجی تحریک کے نظام کار میں مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ معاشرے کے نظر انداز طبقات خاص طور سے خواتین کی غربت کو کم کرنے اور انہیں سماجی طور سے بااختیار بنانے کی غرض سے RSPs، SUCCESS پروگرام کے تحت خواتین کو سہ درجاتی تنظیمی ڈھانچوں میں منظّم کرتے ہیں۔ یہ ادارے دیہی تنظیمات COs جو کہ محلّہ کی سطح پر 15 سے 25 گھرانے مل کر تشکیل دیتے ہیں، گاؤں کی تنظیمات VOs جو کہ COs کی گاؤں کی سطح کی فیڈریشن ہوتی ہے اور LSOs جو کہ یونین کونسل کی سطح پر VOs کی فیڈریشن ہوتی ہیں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ LSOs اپنی عددی برتری کی بنیاد پر کمیونٹی کی قیادت میں بڑی سطح پر ترقیاتی کام کرسکتی ہیں۔ سہ درجاتی اداروں کی تیسری اور اعلیٰ ترین سطح کے ادارے کے طور پر LSOs کو سرکاری و غیر سرکاری اداروں اور ڈونر ایجنسیوں اور پرائیویٹ سیکٹر کے اداروں سے ترقیاتی رابطہ سازی کرنے کا منفرد موقع بھی ملتا ہے۔

## LSO کے ترقیاتی اقدامات

# LSO روشنی سری، جامشورو

| | |
|---|---|
| ڈسٹرکٹ | جامشورو |
| یونین کونسل | سری |
| تاریخ تشکیل | 29 نومبر 2017 |
| یونین کونسل کے کل گھرانے | 1,771 |
| منظّم گھرانے | 1,465 |
| منظّم گھرانوں کی فیصد شرح | 83% |
| دیہی تنظیمات کی تعداد | 90 (سب خواتین کی) |
| گاؤں تنظیمات کی تعداد | 13 (سب خواتین) |
| جنرل باڈی ممبران کی تعداد | 26 (سب خواتین) |
| ایگزیکیٹیو کمیٹی ممبران کی تعداد | 15 (سب خواتین) |

(LSO کے اعداد و شمار ستمبر 2018 کے ہیں)

LSO روشنی سری یونین کونسل سری، ڈسٹرکٹ جامشورو میں واقع ہے۔ اسے نومبر 2017ء میں یونین کونسل سری کے 1772 ممبر گھرانوں نے جو 90 محلّہ تنظیمات اور 13 گاؤں تنظیمات میں منظّم ہو چکے ہیں تشکیل دیا ہے۔ LSO روشنی سری کی خواتین رہنما اپنی مدد آپ کے تحت ترقیاتی کاموں کو انجام دینے کے ساتھ ساتھ سرکاری و دیگر اداروں سے رابطہ سازی کر کے بھی ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کر رہی ہے۔ یورپین یونین کے مالی تعاون سے چلنے والے SUCCESS پروگرام نے سندھ کے اندر دیہی خواتین کو اجتماعی کاموں پر عمل درآمد کر کے اپنی اندرونی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور خود مختاری حاصل کرنے کے قابل بنایا ہے۔ اب ان منظّم خواتین کو اپنے حقوق کے بارے میں آگاہی حاصل ہو رہی ہے۔ یہ خدمات فراہم کرنے والے سرکاری و غیر سرکاری اداروں کو ذمہ داری کا احساس دلا رہی ہیں اور ساتھ ہی اپنی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے اپنی مدد آپ کے تحت ترقیاتی امور بھی انجام دے رہی ہیں۔

## سرسبز سندھ تحریک میں بھرپور حصہ لینا

حکومت سندھ نے سرسبز سندھ کے نام سے ایک تحریک شروع کی، جس کے تحت صوبے کی سطح پر 2 ارب درخت لگائے جائیں گے۔ سرسبز سندھ حکومت سندھ، سول سوسائٹی اور پرائیویٹ سیکٹر کی مشترکہ کاوش ہے۔



ایل ایس او سری کی ممبران "سرسبز سندھ" تحریک کے موقع پر شجرکاری کر رہی ہیں

صوبائی حکومت کی درخواست پر LSO روشنی سری نے بھی اس تحریک میں بھرپور حصہ لیا۔ مارچ 2018ء میں LSO نے شجرکاری کے بارے میں آگاہی پھیلانے کیلئے ایک ریلی نکالی، جس میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے حصہ لیا۔ ریلی کے شرکاء ایسے پوسٹر ہاتھوں میں اٹھائے ہوئے تھے جن پر شجرکاری کی اہمیت پر پیغامات درج تھے۔ مقررین نے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے شجرکاری کی

اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ درخت آکسیجن خارج کر کے ماحول کو صاف کرتے ہیں اور فضا کی کیفیت کو بھی بہتر بناتے ہیں۔ درختوں کی وجہ سے ماحول کے معیار میں بہتری آتی ہے، اور پانی کی بچت ہوتی ہے۔ درخت زمین کو کٹاؤ سے بچاتے ہیں اور قدرتی حیات کو مدد فراہم کرتے ہیں۔ LSO کی رہنماؤں کی درخواست پر محکمہ جنگلات حکومت سندھ نے 1000 جڑ والے پودے انہیں رعایتی قیمت پر فراہم کیا۔ LSO کی رہنماؤں نے ڈسٹرکٹ ہیڈکواٹر جا کر محکمہ جنگلات کی نرسریوں سے پودے وصول کیے اور پرائیویٹ گاڑیوں میں خود کرایہ دیگر یونین کونسل لے آئے۔ یہاں انہوں نے ان پودوں کو گاؤں کی تنظیمات میں تقسیم کیا، گاؤں کی تنظیمات نے اپنے حصے کے پودوں کو محلّہ تنظیمات کو دیا اور محلّہ تنظیمات نے ممبران کو دیا تاکہ وہ انہیں اپنے گھر کے صحن یا کسی دیگر محفوظ جگہ پر لگائیں اور ان کی دیکھ بھال کریں۔

## محکمہ مال حکومت سندھ سے مال مویشیوں کو ویکسین کرانا

LSO روشنی کی آب و ہوا پہاڑی صحرا جیسی ہے۔ مال مویشی یہاں کے باشندوں کا اثاثہ بھی ہے اور اہم ترین ذریعہ آمدنی بھی۔ پچھلے متعدد سالوں سے مسلسل خشک سالی کی وجہ سے یہاں کی قدرتی چراگاہوں میں گھاس کی مقدار اور معیار دونوں بہت حد تک گر چکے ہیں۔ خوراک کی کمی کی وجہ علاقے میں جانور رو کمزور ہو چکے ہیں اور یوں ان میں طرح طرح کی بیماریاں پھیل رہی ہیں جس کی وجہ غریب دیہاتیوں کا خاصا نقصان ہو رہا ہے۔ یورپین یونین کی معاونت سے چلنے والے SUCCESS پروگرام کے تحت منظّم ہونے سے پہلے انہیں حکومت کے محکمہ مال کے پاس موجود سہولیات کے بارے میں کچھ بھی علم نہیں تھا۔ اس لیے ماضی میں انہوں نے کبھی محکمہ مال سے رابطہ ہی نہیں کیا تھا تاکہ ان سے اس سلسلے میں مدد حاصل کر سکیں۔ لیکن SUCCESS پروگرام کے تحت اسٹاف اور کمیونٹی ریسورس پرسنز سے ملنے والے آگاہی سیشنوں کے بعد انہیں پہلی دفعہ اس ادارے کے بارے میں معلومات حاصل ہوئیں، اس لیے LSO نے اپنی میٹنگ میں ایک قرارداد لکھی اور اس میں محکمہ مال سے درخواست کی کہ وہ ان کو مال مویشیوں کو وبائی امراض سے بچانے کے لیے رہنمائی کریں۔ محکمہ مال کے لوگوں نے انہیں اپنے جانوروں کو ویکسین کرانے کا مشورہ دیا اور اپنی خدمات اور ادویات مفت فراہم کرنے کی پیش کش کی۔ محکمہ مال کے اسٹاف کے مشورے پر LSO کی رہنماؤں نے اپنے یونین کونسل کو متعدد کلسٹر وں میں تقسیم کیا۔ ہر کلسٹر کے لیے ویکسین کرانے کی تاریخ مقرر کی اور لوگوں کو اپنے جانوروں کو گاؤں کے ایک مرکزی مقام پر لانے کی ہدایت دی، تاکہ محکمہ مال کے لوگ بغیر کوئی وقت ضائع کیئے تمام جانوروں کو ویکسین کر سکیں۔ چنانچہ محکمہ مال کے افسروں نے ہر کلسٹر کا باری باری دورہ کیا اور تمام جانوروں کو ویکسین کیا۔ اس کی وجہ سے خشک سالی کی شدت میں اضافہ ہونے کے باوجود اب ان کے جانور بیمار نہیں ہوتے۔

## تعلیم کی حالت کو بہتر بنانا

یونین کونسل سری صوبہ سندھ کے ایک دور افتادہ علاقے میں واقع ہے۔ اس لیے محکمہ تعلیم، صحت اور دیگر سرکاری اداروں کے اعلیٰ اہلکار یہاں موجود سرکاری اداروں کی نگرانی کے لیے کبھی بھی نہیں آتے۔ اس کی وجہ سے سرکاری سکولوں میں معیار تعلیم بہت خراب ہے۔ SUCCESS کے اسٹاف اور کمیونٹی ریسورس پرسنز کی طرف سے دیے جانے والے آگاہی سیشنوں کے دوران LSO کی رہنماؤں کو معیار تعلیم بڑھانے کے لیے سکول مینجمنٹ کمیٹی کی اہمیت کا اندازہ ہوا۔ انہیں علم ہوا کہ زیادہ تر سکول مینجمنٹ کمیٹیاں صحیح طور سے فعال نہیں ہیں۔ نہ ہی وہ سکول فنڈ کو سکولوں کی مرمت ونگہداشت پر صحیح طور سے خرچ کرتی ہیں۔ اس لیے LSO کی رہنماؤں نے طے کیا کہ وہ سکول مینجمنٹ کمیٹیوں کو فعال کر کے فنڈ کا صحیح استعمال کرائیں گی۔ اس مقصد کے لیے LSO کی رہنماؤں نے محلّہ تنظیمات اور گاؤں کی تنظیمات کو مسئلہ کی اہمیت سے آگاہ کیا اور محلّہ تنظیمات اور گاؤں تنظیمات کی رہنما خواتین نے اپنے اپنے گاؤں میں 19 سکولوں کی مینجمنٹ کمیٹیوں سے میٹنگ کی۔ ان رہنماؤں نے غیر فعال سکولوں پر خصوصی توجہ دی اور کمیٹی والوں کو کہا کہ ان سکولوں میں مفقود سہولیات کی فراہمی کے لیے سکول فنڈ کا استعمال کیا جائے۔ اسکول مینجمنٹ کمیٹی کے ارکان کو جب یہ احساس ہوا کہ ان کی کارکردگی کی LSO کی رہنما خواتین نگرانی کر رہی ہیں تو وہ بھی ہوشیار اور چوکس ہو گئے اور ان کے رویوں میں واضح تبدیلی آنی شروع ہو گی۔ اب تک کمیٹیوں نے چار سکولوں کے لیے فرنیچر خرید لیا ہے۔ LSO کی رہنماؤں کو توقع ہے کہ دیگر کمیٹیاں بھی ان کی پیروی کریں گی۔ بصورت دیگر وہ اس معاملے کو محکمہ تعلیم کے ساتھ اٹھانے کا منصوبہ رکھتی ہیں۔

اس کے علاوہ LSO کی رہنماؤں کو علم ہوا کہ کافی گھرانے اپنے بچوں کو سکول نہیں بھیجتے۔ انہوں نے 13 گاؤں میں داخلہ مہم چلایا اور والدین کو اپنے بچوں کو سکول بھیجنے کے لیے ترغیب دی۔ ان کی ان کوششوں کے نتیجے میں کل 419 بچے سکول میں داخل ہوئے ہیں، جن میں 251 لڑکیاں اور 168 لڑکے شامل ہیں۔ ان کا اصل ہدف 100 فیصد بچوں کا سکول میں داخلہ ہے۔

## دیہی خواتین کے عالمی دن کو منانا

دیہی خواتین زرعی پیداوار، تحفظ خوراک اور غذائیت، زمین اور دیگر قدرتی وسائل کے انتظام اور تحفظ ماحولیات میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ہر سال 15 اکتوبر کو عالمی سطح پر دیہی خواتین کے عالمی دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد عالمی سطح پر تمام اقوام کو یہ احساس دلانا ہے کہ وہ یہ تسلیم کریں کہ خواتین اور لڑکیاں دیہی گھرانوں اور دیہی کمیونٹی کی پائیداری، دیہات کی سطح پر وسائل پیداوار کے فروغ اور اجتماعی فلاح و بہبود کے لیے کیا کچھ کرتی ہیں۔ SUCCESS کے اسٹاف کے مشورے پر LSO روشنی سری نے 16 اکتوبر 2018ء کو پہلی دفعہ اپنی یونین کونسل کی سطح پر ایک ریلی کا انعقاد کیا۔ SUCCESS کے اسٹاف کے ساتھ بڑی تعداد میں خواتین اور بچوں نے اس ریلی میں شرکت کی۔ SUCCESS پروگرام کی خاتون سوشل آرگنائزر نے دیہی خواتین رہنماؤں اور ممبران کے جوش و جذبے کو سراہا اور انہوں نے اس قسم کی تقریبات منانے کے فائدے لوگوں کو بتائے۔ انہوں نے بتایا کہ اس قسم کی تقریبات کے انعقاد سے ان میں اتحاد و اتفاق اور خود اعتمادی میں بے تحاشا اضافہ ہوتا ہے۔



ایل ایس او روشنی سری کی ممبران دیہی خواتین کا عالمی دن منا رہی ہیں

EUROPEAN UNION

"This publication was produced with the financial support of the European Union. Its contents are the sole responsibility of Rural Support Programmes Network (RSPN) and do not necessarily reflect the views of the European Union"

Reported by: Mohammad Ali Azizi, RSPN
Edited By: Ghamae Jamal, RSPN
Acknowledgement: Asif Ali Panhwar, Unit Incharge, District Jamshoro, TRDP
Designed & Printed by: Masha ALLAH Printers, Islamabad

THE LSO INITIATIVES SERIES IS BY THE RURAL SUPPORT PROGRAMMES NETWORK